© rasailojaraid.com

اُن کے فرائض اور نوآبادیات کا ذکر ہے۔ زبان عام فہم اور سلیس ہے۔ معلوماتِ عامہ کے سلسلہ میں اس کتاب کا مطالعہ مفید ہوگا۔

رگبی کی زندگی شائع کردہ مکتبۂ جامعہ دہلی۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۳۹ صفحات طباعت و کتابت اور کاغذ بہتر قیمت ۸/عہ

مکتبۂ جامعہ نے "یادِ ایام مدرسہ" کا ایک مفید سلسلہ جاری کیا ہے۔ جس کا مقصد ایسی کتابوں کا شائع کرنا ہے جن میں یورپ اور خصوصاً انگلستان و جرمنی کی مشہور تعلیمی درسگاہوں کے عام تعلیمی حالات اور اُن سے متعلق دوسری چیزیں افسانہ اور ناول کے پیرایہ میں بیان کی گئی ہوں۔ انگریزی اور جرمنی زبان میں ایسی کتابوں کی کمی نہیں ہے۔ ان کتابوں کا فائدہ یہ ہے کہ ان کی اشاعت سے پبلک میں تعلیم کا مذاق عام پیدا ہوتا ہے، اور انہیں درسگاہوں سے دلچسپی ہوجاتی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی پہلی کڑی ہے۔ رگبی کے پبلک اسکول کے ہیڈ ماسٹر آرنلڈ کے شاگرد رشید ٹامس ہوز نے "Tow Browis School days" کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی جس میں اُنہوں نے مدرسہ کے اصلی واقعات کو ایک افسانہ کی شکل میں بیان کیا تھا۔ انگریزی داں طبقہ میں اس کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ اب مکتبۂ جامعہ نے اس کتاب کو حیدرآباد کے متعدد اصحابِ علم سے اُردو میں ترجمہ کراکر شائع کیا ہے۔ اس میں شبہ نہیں اس کتاب کا مقصد نیک ہے، اور اُس کی افادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا لیکن اس سلسلہ میں دو باتوں کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔ اول یہ کہ ترجمہ عام فہم سلیس اور ایک حد تک آزاد ہو۔ اور دوسرے یہ کہ ترجمہ کے لیے ایسی کتابوں کا انتخاب کیا جائے جو اُردو داں پبلک کے مذاق کے مطابق ہوں اور جن کے پڑھنے میں اُنہیں کسی قسم کی کوئی اُلجھن پیش نہ آئے مجموعی حیثیت سے کتاب لائق مطالعہ ہے۔

الہامات شاد از مولانا عبدالمالک صاحب آروی تقطیع خورد ضخامت ۸۴ صفحات کتابت و طباعت

© rasailojaraid.com